”نماز کے بعد کی کچھ ایسی دعائیں ہیں کہ انھیں ہر فرض نماز کے بعد پڑھنے والا یا انہیں بجا لانے والا (ثواب سے یا بلند درجوں سے) محروم نہیں ہوتا (اور وہ یہ ہیں) تینتیس بار سبحان اللہ اور تینتیس بار الحمدللہ اور چونتیس بار اللہ اکبر کہنا“

کعب بن عجرة رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”نماز کے بعد کی کچھ ایسی دعائیں ہیں کہ انھیں ہر فرض نماز کے بعد پڑھنے والا یا انہیں بجا لانے والا (ثواب سے یا بلند درجوں سے) محروم نہیں ہوتا (اور وہ یہ ہیں) تینتیس بار سبحان اللہ اور تینتیس بار الحمدللہ اور چونتیس بار اللہ اکبر کہنا“
[صحیح] [رواہ مسلم]

اس حدیث میں اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے کچھ اذکار کے بارے میں بات کی ہے، جنھیں پڑھنے والا گھاٹے میں نہیں رہتا اور شرمندہ نہیں ہوتا بلکہ اسے ان کا ثواب ضرور ملتا ہے یہ ایسے کلمات ہیں، جو ایک دوسرے کے بعد آتے اور فرض نمازوں کے بعد پڑھے جاتے ہیں یہ کلمات کچھ اس طرح ہیں : "سبحان الله" تینتیس مرتبہ اس کے معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالی ہر نقص اور کمی سے پاک ہے "الحمد لله" تینتیس مرتبہ یعنی اللہ کو ہر قسم کے کمال سے متصف کرنا اور ساتھ میں اس سے محبت بھی رکھنا اور اس کی تعظیم بھی کرنا "الله أكبر" چونتیس مرتبہ یعنی اللہ ہر چیز سے بڑا، عظیم اور معزز ہے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/6259